Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | جمعۃ المبارک 09 اکتوبر 2026ء، 26 ربیع الثانی 1448ھ، صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 198

شہباز شریف کی ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام پر عملدرآمد تیز کرنے کی ہدایت

وزیر اعظم شہباز شریف کو وفاقی وزارتوں نے عوامی خدمات، کارکردگی، اعداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی

متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں، وزیر اعظم کی ہدایت



وزیر اعظم شہباز شریف ڈیجیٹل نیشن کے حوالے سے پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے تناظر میں پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ مختلف وفاقی وزارتوں نے اپنی عوامی خدمات، کارکردگی اور متعلقہ اعداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی پر بریفنگ دی۔ وفاقی وزارت صحت سے متعلقہ اعداد و شمار کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی اور اعداد و یات کی معیاری تصدیق میں ڈیجیٹائزیشن کے استعمال پر خصوصی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وزیر اعظم نے تمام وفاقی وزارتوں کو ہدایت کی کہ وہ متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کے لیے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں۔ وزیر اعظم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

محمود خان اچکزئی کا علامہ ناصر عباس سے رابطہ، آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت، مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر گفتگو

اپوزیشن مذاکرات بانی سے ملاقات سے مشروط کرنے پر تفاق

میرا مولانا فضل الرحمان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، بیرسٹر گوہر نے جمعیت علما اسلام کے سربراہ سے رابطے کی تردید کر دی

حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کر دی، حکومتی ذرائع، تنازعات کو طے کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیر اعظم شہباز شریف کو پیش کر دی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا کہ مولانا فضل الرحمان مذاکراتی کمیٹی کے ساتھ تعاون کر رہے ہیں اور تنازعات کو طے کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ مولانا فضل الرحمان کی جانب سے معاملہ کردار کے لیے پیش کی گئی شرائط سے بھی آگاہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پختونخوا میں PTI کی 13 سالہ حکمرانی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، امیر مقام

صوبے اور عوام کے حقیقی مسائل پر صوبائی قیادت اور وزیر اعلیٰ کی توجہ دکھائی نہیں دیتی، روزانہ دہشت گردی واقعات رونما

عوام کو مسائل کے حل، امن و امان کی بہتری اور مؤثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گزشتہ 13 سالہ حکمرانی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے صوبائی حکومت پر عوامی مسائل سے عدم توجہی کا الزام عائد کیا ہے۔ اسلام آباد میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

صوابی پل صراط، پی ٹی آئی گزر کر دکھائے، گورنر گنڈی کا چیلنج

کے پی میں دہشت گردی ہے، اور صوبائی حکومت نے سرکس لگایا ہوا ہے

پشاور (خصوصی رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم گنڈی نے تحریک انصاف کو چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوابی پل پی ٹی آئی کے لیے پل صراط ہے، چیلنج کرتا ہوں کہ صوابی سے گزر کے دکھائیں، ہم انتظار کریں گے۔ جی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے فیصل کریم گنڈی نے کہا کہ کے پی میں دہشت گردی ہے اور صوبائی حکومت نے سرکس لگایا ہوا ہے، ان کے ساتھ 2 ہزار سے بھی کم لوگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ اتنی کمزور، نالائق اور نااہل حکومت ہے کہ ان کے اپنے وزراء اور ایم پی اے اٹھائے جا رہے ہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

صدر مملکت زرداری کا مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر اظہار تعزیت

مرحوم کی پارٹی کے لیے طویل جدوجہد اور گراں قدر خدمات ناقابل فراموش ہیں، بیان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری نے خانیوال سے سابق رکن صوبائی اسمبلی مخدوم پیر عارف زمان قریشی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا اور گراں قدر خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مخدوم پیر عارف زمان قریشی نے شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



IMF مشن کی سربراہ ایوا پیٹروو اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقات کر رہی ہیں


خیبر پختونخوا حکومت کی نااہلی کا خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے

بلال اظہر کیانی

حکومت دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کو تیار نہیں تو سوال اٹھیں گے

گزشتہ 2 ماہ کے دوران خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف کارروائیوں میں 10 اہلکاروں کی شہادتیں سامنے آئی ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی نے ایک بار پھر سر اٹھا لیا ہے اور صوبے میں دہشتگردی کی سوچ حال سب کے سامنے ہے، جس کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دن رات دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قربانیاں دے رہی ہے، آج کرک میں بھی ایک ایس ایچ او اور کانسٹیبل کو بیدردی سے شہید کر دیا گیا۔ انہوں نے خیبر پختونخوا حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت کی نالائی کا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے، اگر صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کے لیے تیار نہیں تو اس کی نیت پر سوال اٹھتے ہیں۔ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)



اسلام آباد: نائب وزیر اعظم/ وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور مملکت بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی وزارت خارجہ میں مشترکہ پریس اسٹیک آؤٹ میں

پاک۔بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے معاہدے پر دستخط کر دیئے

دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے

افغانستان میں اس وقت 5 2 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، انتونیو گوتریس

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشن کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے متفکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے امن مشن میں اپنا بھرپور کردار جاری رکھے گا، پاکستانی پولیس کے افسران اور اہلکار اقوام متحدہ پولیس میں بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، پاکستان نے امن مشن میں 181 جانوں کا نذرانہ پیش کیا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)



خواجہ سلمان رفیق نواز شریف کارڈیک سنٹر مری میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یو این سیکرٹری جنرل کا دورہ پاکستان مکمل تنازعہ کشمیر منصفانہ پرامن حل پر زور

نائب وزیر اعظم نے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ معطل کرنے کے بھارتی فیصلے سے بھی آگاہ کیا، عالمی قانون کی خلاف ورزی قرار

انتونیو گوتریس نے اقوام متحدہ کیلئے پاکستان کی دیرینہ خدمات، امن مشنز میں نمایاں کردار اور مذاکرات کو بے حد سراہا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کا پاکستان کا سرکاری دورہ مکمل ہو گیا، وہ 6 سے 8 اکتوبر تک پاکستان میں قیام کے دوران اعلیٰ سیاسی و عسکری قیادت اور دیگر حکام سے ملاقاتیں کرتے رہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق انتونیو گوتریس نے 6 اکتوبر کو نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی، اس موقع پر اسحاق ڈار نے اقوام متحدہ کے منشور کے اصولوں، کثیر الجہتی نظام اور مذاکرات و سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے پرامن حل کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیر اعظم نے جموں و کشمیر کے تنازع کے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق منصفانہ اور پرامن حل پر زور دیا، انہوں نے سندھ طاس معاہدے کو یک طرفہ طور پر معطل کرنے کے بھارتی فیصلے سے بھی آگاہ کیا اور اسے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



ڈی پی منسٹر راولپنڈی کاروباری سہولیات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیکورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ

آڈٹ کیلئے ہوم ڈیپارٹمنٹ کو مراسلہ، تربیت، اسلحہ ہینڈلنگ کا جائزہ لیا جائیگا

لاہور (خصوصی رپورٹر) نجی سیکورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی پیشہ ورانہ استعداد جانچنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ لاہور پولیس نے نجی سیکورٹی کمپنیوں کا سیکورٹی آڈٹ کرانے کے لیے ہوم ڈیپارٹمنٹ کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سیکورٹی کمپنیوں کے گارڈز کی تربیت، اسلحہ ہینڈلنگ اور مجموعی سیکورٹی استعداد کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ بینکوں اور مالیاتی اداروں میں تعینات سیکورٹی گارڈز کو بہترین تربیت فراہم کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔ پولیس حکام نے سیکورٹی گارڈز کی ویٹن ویڈنگ ٹریننگ پولیس کے تعاون سے کرانے کی تجویز دی ہے۔ گارڈز کی پیشہ ورانہ تربیت اور ایمرجنسی رسپانس کی صلاحیت بھی جانچی جائے گی، سی سی پی او نے چیک سیکورٹی گارڈز کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دینے، بینکوں اور مالیاتی اداروں میں سیکورٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے اور ڈوئل ایس پی کو بینکوں و حساس مقامات کے سیکورٹی انتظامات کی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

پاکستانی طالبعلم سعد محمود برانہ کی برطانیہ میں نمایاں کامیابی

محمود برانہ دوبارہ یونیورسٹی آف گریٹر مانچسٹر کے اسٹوڈنٹس یونین صدر منتخب

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستانی طالبعلم محمود برانہ نے ایک بار پھر یونیورسٹی آف گریٹر مانچسٹر میں اسٹوڈنٹس یونین کے صدر کی حیثیت سے منتخب ہو کر ایک نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ وہ گزشتہ سال بھی اسٹوڈنٹس یونین کے صدر رہ چکے ہیں اور اس سال یونیورسٹی کے طلبہ نے دوبارہ انہیں صدر منتخب کر لیا ہے۔ محمود برانہ کو طلبہ کی جانب سے بڑی تعداد میں ووٹ حاصل ہوئے۔ انہیں پاکستان سے تعلق رکھنے والا وہ واحد پاکستانی طالب علم رہنما بھی قرار دیا جا رہا ہے جنہوں نے یونیورسٹی کے اسٹوڈنٹس یونین صدارتی انتخابات میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کر کے یہ عہدہ حاصل کیا۔ ان کی یہ کامیابی برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے لیے بھی باعث فخر ہے۔ انہوں نے یونیورسٹی میں طلبہ کی فلاح و بہبود اور ان کی بہتری کے لیے مختلف اقدامات پر کام (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)



نابلس، اسرائیل کے ہاتھوں شہید فلسطینی شہری کی میت ہسپتال منتقل کی جا رہی ہے، یتیم بچہ رو رہا ہے

ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ملک میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی۔ نیپرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی اکاسٹ کی ٹیول پر ایس ایڈجسٹمنٹ کے تحت ایک ماہ کیلئے مہنگی کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین سے اضافہ اکتوبر کے بلوں میں وصول ہوگا۔ ذرائع کے مطابق اکاسٹ کی ٹیول ایڈجسٹمنٹ سے صارفین پر 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ منتقل ہوگا۔ لائف لائ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

لاہور ہائیکورٹ کا منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار

منشیات سے حاصل ہونیوالا پیسہ دہشت گردی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ منشیات کا استعمال ملکی سلامتی کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے، اب منشیات سے حاصل ہونے والا پیسہ دہشت گردی کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔ جسٹس فاروق حیدر کی سربراہی میں لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے منشیات کیس میں ملزم ملک افتخار تاج کی بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان رضا تفتیشی افسر کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے جبکہ پراسیکیوشن کی جانب سے ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل بادون الرشید پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے منشیات کے استعمال کے معاشرے پر اثرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ جسٹس فاروق حیدر نے ریمارکس دیئے کہ منشیات کا استعمال ملکی سلامتی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)



اسلام آباد: پرنسپل انفارمیشن آفیسر ریحانہ عادل سے اکاؤنٹنٹ جنرل ریونیو ملاقات کر رہے ہیں

بھارت پاکستان میں دہشت گردی کیلئے طالبان کی مدد کر رہا ہے، جواد اجمل

ٹارگٹ کلنگ میں بھارت کے کردار سے پوری دنیا واقف ہے، جنرل اسمبلی میں جواب

نیویارک (خصوصی رپورٹر) پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے کہا ہے کہ انسانی ہمدردی کی امداد کی آڑ میں بھارت طالبان حکومت کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد حملوں کیلئے مادی اور لاجسٹک معاونت فراہم کر رہا ہے۔ پاکستان مستقل مشن کے قونصلر محمد جواد اجمل نے یہ بات بھارتی نمائندہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

انسانی جانوں کا تحفظ اولین ترجیح، حادثے سے پہلے اقدامات کرنا ہونگے

فیکٹریوں، تعمیراتی منصوبوں اور دیگر مقامات پر حفاظتی نظام موثر بنایا جائے، گورنر سندھ

ماہی گیروں کو حفاظتی آلات اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تربیت دی جائے، نہال ہاشمی

کراچی (خصوصی رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ حادثہ پیش آنے کے بعد اقدامات کرنے کے بجائے انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے پہلے سے موثر انتظامات ناگزیر ہیں، مرد و دول، ماہی گیروں اور عام شہریوں سمیت ہر فرد کی زندگی یکساں اہمیت رکھتی ہے۔ وہ نویں صحت، حفاظت و ماحولیات کانفرنس اور ایوارڈز 2026 کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ گورنر سندھ نے کہا کہ مختلف شعبوں میں مزدوروں اور کارکنوں کے دوران حال میں مزدوروں کی شہادتیں ہوئی ہیں، کئی مناسب حفاظتی انتظامات کا فقدان نظر آتا ہے، جس پر سنجیدگی سے توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ماہی گیر بھی سمندر میں مختلف خطرات کا سامنا کرتے ہیں، انہیں ضروری حفاظتی آلات کے ساتھ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کی تربیت فراہم کی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی شعور کو صنعتی اداروں تک محدود رکھنے کے بجائے گھروں تک لے جانا ہوگا۔ خواتین، بچوں اور دیگر افراد کو بھی حادثات سے بچاؤ اور ہنگامی صورتحال میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے استعمال شدہ گاڑیوں سے متعلق امور کو نئی آٹو پالیسی میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ نجی ڈی کے مطابق ریگولیٹری ڈیوٹی میں زی کے بعد استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد سے متعلق اہم اجلاس میں کرش اور گفٹ اسکیم کے تحت استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو استعمال شدہ گاڑیوں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

میر رضا کمیشن کی کارروائی اختتام پذیر، تحریری حکم نامہ جاری

کاشف افتخار اور تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری کے بیانات قلمبند

کے الیکٹرک کی جانب سے سیل شدہ لفافہ بمع کرا دیا گیا

کراچی (خصوصی رپورٹر) میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے قائم کمیشن نے گزشتہ روز کی کارروائی کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا، جس کے مطابق کمیشن میں میر حسین علی خان، مریم حسین اور جبران ناصر ایڈووکیٹ سمیت دیگر متعلقہ افراد پیش ہوئے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق سی پی ایل سی میل اور وائس ایپ سروس نمبر فعال کر دی گئی ہے جبکہ ایک لاکھ روپے انعام کی پیشکش بھی واپس لے لی گئی۔ جسٹس عمر عریال نے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پاکستان بحرین کا تجارتی اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں پر لیجانے کا عزم

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے بحرینی ہم منصب نے اہم ملاقات، پاک بحرین تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ

اختلافات اور تنازعات حل کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری ہی سب سے زیادہ قابل عمل راستے ہیں، اسحاق ڈار، ڈاکٹر لطیف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے بحرینی ہم منصب نے اہم ملاقات کی ہے، جس میں دونوں ممالک کے مابین تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے وزارت خارجہ میں بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان خوشگوار ماحول میں ہونے والی گفتگو میں پاک بحرین تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں تجارتی سرگرمیوں، معاشی شراکت داری اور سرمایہ کاری کے شعبوں کو خصوصی اہمیت دی گئی، دونوں وزرا نے خارجہ نے ان شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا، جبکہ کشیدہ مشرق وسطیٰ کے حوالے سے بھی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن آفیسر کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان خطے میں عزت کا بڑا مرکز، نہیں دعویٰ گمراہ کن ہے، مت حکومت

معاشی ابتری کی وجہ سے پاکستان کو نئے خطے میں ڈالا گیا، یہ عالمی بینک کا محض ایک انتظامی اور دفتری فیصلہ ہے

عالمی بینک کے رجسٹر میں نام ایک فہرست سے نکال کر دوسری میں لکھنے سے زمینی حقیقت نہیں بدلتی، معاشی مشیر خرم شہزاد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے معاشی مشیر خرم شہزاد نے خطے کے مہذب ترین افراد پاکستان میں ہونے سے متعلق عالمی بینک کی رپورٹ کو گمراہ کن قرار دے دیا۔ رپورٹ کے مطابق ورلڈ بینک نے اپنی ایک تجزیاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا کہ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان اور پاکستان (مینا اے پی) خطے کے یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدن والے انتہائی غریب افراد میں پاکستان کا حصہ 48 فیصد ہے، جبکہ 2018-19 سے 2024-25 کے دوران ملک میں غربت کی شرح میں 4.6 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔ اس حوالے سے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کے معاشی مشیر خرم شہزاد نے 'معاشی ماہرین کا تجزیہ، عالمی بینک کی نئی درجہ بندی اور غربت کے اعداد و شمار' کے عنوان سے اپنی ایک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)



سری نگر، قابض بھارتی فوجی اہلکار نہتے کشمیریوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں مصروف ہیں

Scanned with CamScanner

گورنر راج یا ایمرجنسی؟

علی احمد ڈھلوں

وطن عزیز کے لیے اہم بات یہ ہے کہ آنے والے دنوں میں کسی بھی بڑے سیاسی فیصلے کو انتہائی احتیاط، آئین اور ملکی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کرنا ہوگا۔ موجودہ حالات میں سیاسی سرگرمیوں اور مذاکرات کے حوالے سے جو صورتحال پیدا ہوئی ہے، اس میں ضروری ہے کہ تمام فریق تحمل کا مظاہرہ کریں اور ہر قدم ملک کے امن، استحکام اور جمہوری نظام کے تسلسل کو سامنے رکھتے ہوئے اٹھایا جائے۔ پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے لانگ مارچ کا آغاز خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت سے ہوا اور یہ مارچ اتوار کی شب کرک پہنچ گیا۔ کرک خیبر پختونخوا کا اہم ضلع ہے جو پشاور سے تقریباً 130 کلومیٹر اور اسلام آباد سے تقریباً ڈھائی سو کلومیٹر دور ہے۔ پی ٹی آئی نے اپنے لانگ مارچ کا آغاز ایسے وقت میں کیا جب جمعہ اور ہفتے کو سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی سربراہی میں مذاکرات کے دو ادوار ہوئے۔ مذاکرات میں متعدد امور پر پیش رفت کی اطلاعات سامنے آئیں، تاہم بعض بنیادی معاملات پر اتفاق رائے پیدا نہ ہو سکا۔ دونوں جانب سے اپنے اپنے موقف سامنے آئے، جس کے بعد سیاسی صورتحال ایک مرتبہ پھر اہم مرحلے میں داخل ہو گئی۔ اب تازہ صورتحال کے مطابق لانگ مارچ کرک میں موجود ہے اور سیاسی رابطوں اور مذاکرات کے ذریعے معاملات کو آگے بڑھانے کی کوششیں جاری ہیں۔ دوسری جانب پنجاب پولیس کے حکام نے مظاہرین کو خیبر پختونخوا سے پنجاب کی حدود میں داخل ہونے کی صورت میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے اٹک میں پولیس فورس کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ اطلاعات کے مطابق اٹک میں پنجاب پولیس کے ہزاروں اہلکار اسٹینڈ بائی رکھے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر متعلقہ مقامات پر پہنچا جا سکے۔ خیبر پختونخوا کو پنجاب سے ملانے والے راستے کھلے ہیں، تاہم حساس مقامات پر سکیورٹی انتظامات میں اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کا بنیادی مقصد کسی بھی ناخوشگوار صورتحال کی صورت میں عوام، املاک اور اہم تنصیبات کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔ ایمرجنسی کی صورت میں صوبائی حکومت لازماً ختم نہیں ہوتی، جبکہ آرٹیکل 234 کے تحت گورنر راج میں وفاق صوبائی حکومت کے بعض یا تمام اختیارات سنبھال سکتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے حوالے سے آئین کا آرٹیکل 232 بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ اگر ایسی سنگین صورتحال پیدا ہو جس میں پاکستان کی سلامتی کو جنگ، بیرونی جارحیت یا ایسی اندرونی بدامنی سے خطرہ ہو جسے صوبائی حکومت اپنے اختیار سے کنٹرول نہ کر سکے تو آئین کے مطابق صدر پاکستان ایمرجنسی کا اعلان کر سکتے ہیں۔ موجودہ آئینی متن کے مطابق اگر ایمرجنسی کی وجہ صوبے میں اندرونی بدامنی ہو تو متعلقہ صوبائی اسمبلی کی قرارداد کا معاملہ بھی آئینی طریقہ کار کا حصہ ہے۔ اگر صدر اپنے طور پر اقدام کرتے ہیں تو اعلان کو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے سامنے منظوری کے لیے پیش کیا جاتا ہے۔ ایمرجنسی کے دوران وفاقی حکومت صوبائی حکومت کو ہدایات دے سکتی ہے۔ پارلیمنٹ صوبے کے ایسے معاملات پر بھی قانون سازی کر سکتی ہے جو عام حالات میں صوبائی اختیار میں آتے ہیں۔ اسی طرح وفاقی حکومت بعض صوبائی انتظامی اختیارات خود سنبھال سکتی ہے یا گورنر کو وفاق کی جانب سے استعمال کرنے کی ہدایت کر سکتی ہے۔ یہ بات بھی سمجھنا ضروری ہے کہ گورنر راج لگنے کا مطلب یہ نہیں کہ صوبے کا پورا انتظامی ڈھانچہ تبدیل ہو جاتا ہے۔ عموماً موجودہ بیوروکریسی، چیف سیکرٹری، آئی جی، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور دیگر انتظامی افسران اپنے فرائض انجام دیتے رہتے ہیں۔ بنیادی تبدیلی سیاسی اور آئینی اختیارات کے مرکز میں آتی ہے۔ اسی طرح ایسے کسی بھی آئینی اقدام کی صورت میں عدالتوں کا آئینی کردار اپنی جگہ برقرار رہتا ہے۔ خاص طور پر آرٹیکل 232 کے تحت ہائی کورٹس کے اختیارات وفاق کے ہاتھ میں منتقل نہیں ہوتے۔ اس لیے موجودہ صورتحال میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ تمام فیصلے آئین، قانون، قومی مفاد اور امن و امان کو سامنے رکھتے ہوئے کیے جائیں۔ پاکستان نے گزشتہ دہائیوں میں سیاسی عدم استحکام کے باعث متعدد مشکلات کا سامنا کیا ہے، اس لیے موجودہ حالات میں ہر فریق کی ذمہ داری ہے کہ معاملات کو مزید پیچیدہ ہونے سے بچایا جائے۔ خیبر پختونخوا میں ماضی کے گورنر راج کے تجربات بھی اس حوالے سے اہم تاریخی مثالیں فراہم کرتے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں 1975ء میں بھٹو دور میں پہلا گورنر راج نافذ کیا گیا۔ یہ بحران حیات محمد خان شیرپاؤ کے قتل کے بعد پیدا ہوا۔ اس وقت صوبے میں سردار عنایت اللہ گنڈاپور کی حکومت تھی۔ گورنر راج نافذ کر کے صوبائی حکومت ختم کی گئی اور تقریباً ڈھائی ماہ بعد نئی حکومت قائم ہوئی۔ اس دور کے سیاسی اثرات خاصے اہم تھے۔ نیشنل عوامی پارٹی (NAP) کے خلاف وفاقی کارروائی، اس کی پابندی اور اس کے رہنماؤں کی گرفتاریوں کے نتیجے میں صوبے میں سیاسی ماحول کشیدہ ہوا۔ بعد میں پیپلز پارٹی نے صوبے میں اپنی سیاسی پوزیشن مضبوط کی۔ 1994ء میں بے نظیر بھٹو کے دور میں دوسرا گورنر راج نافذ کیا گیا، جس کی مدت تقریباً دو ماہ رہی۔ یہ معاملہ مرکزی اور صوبائی سیاسی صورتحال میں پیدا ہونے والے اختلافات اور اسمبلی میں اکثریت کے بحران سے متعلق تھا۔ صوبے میں پیر صابر شاہ کی مسلم لیگ (ن) کی حکومت تھی جبکہ مرکز میں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی۔ اسمبلی میں وفاداریوں کی تبدیلی اور حکومت کو درپیش اکثریتی بحران کے بعد صدر فاروق لغاری نے صوبائی اسمبلی تحلیل کر کے گورنر راج نافذ کیا۔ اس فیصلے کے بعد سیاسی سطح پر ردعمل سامنے آیا اور صوبے میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوئیں۔ بعد ازاں صوبائی حکومت کے قیام کے لیے سیاسی کوششیں بھی جاری رہیں۔ مشرف دور میں 1999ء کے بعد ملک بھر میں ایک نیا انتظامی و سیاسی دور شروع ہوا۔ 12 اکتوبر 1999ء کو وفاقی حکومت میں تبدیلی کے بعد ملک میں فوجی حکومت قائم ہوئی۔ اس کے نتیجے میں صوبائی اسمبلیاں بھی معطل ہوئیں اور صوبوں کا انتظام گورنروں کے ذریعے چلایا گیا۔ خیبر پختونخوا میں یہ انتظام 2002ء کے انتخابات تک تقریباً تین سال جاری رہا۔ یہاں ایک اہم فرق سمجھنا ضروری ہے کہ 1999ء کا انتظام صرف خیبر پختونخوا کے لیے الگ سے کیا جانے والا سیاسی فیصلہ نہیں تھا بلکہ پورے ملک میں ہونے والی آئینی و انتظامی تبدیلی کا حصہ تھا۔ 2002ء کے انتخابات کے بعد صوبے میں دوبارہ منتخب سیاسی حکومت وجود میں آئی۔ ماضی کے ان تجربات سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ غیر معمولی آئینی اقدامات ہمیشہ اہم سیاسی اور انتظامی اثرات پیدا کرتے ہیں۔ پاکستان اس وقت کسی نئی سیاسی کشیدگی کا نہیں بلکہ امن، استحکام، معاشی ترقی اور قومی یکجہتی کا متقاضی ہے۔ جو بھی فیصلہ کیا جائے وہ وسیع تر ملکی مفاد، آئین کی بالادستی اور عوام کے امن و تحفظ کو سامنے رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے۔

گندم کی امدادی قیمت، کسان سے ناانصافی نہ کی جائے



پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے اور ہماری معیشت کی بنیاد آج بھی زراعت کے ساتھ مضبوطی سے جڑی ہوئی ہے۔ لاکھوں بالخصوص دیہات کے رہنے والے خاندان براہ راست یا بالواسطہ زراعت سے وابستہ ہیں، جن کی معیشت کا زیادہ تر دارومدار زراعت پر ہے۔ زراعت میں بھی سب سے اہم فصل گندم ہے جو ہماری غذائی ضروریات میں بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ اس کے باوجود ہمارے ہاں سب سے زیادہ بے یقینی کا شکار اگر کوئی طبقہ ہے تو وہ کسان ہے۔ وہ کسان جو سال بھر دھوپ، سردی، بارش اور موسمی خطرات برداشت کر کے زمین سے اناج پیدا کرتا ہے، ہمارے دیس کے اس مان یعنی کسان کو فصل تیار ہونے پر اپنی محنت کی مناسب قیمت کے حصول کے لیے پھر ایک نئے امتحان سے گزرنا پڑتا ہے۔

اس تناظر میں گندم کی امدادی قیمت کا معاملہ غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ حکومت کو یہ بات سمجھنی ہوگی کہ امدادی قیمت کسان پر کوئی احسان نہیں بلکہ اس کی سال بھر کی محنت، سرمایہ کاری اور خطرات کا کم از کم معاوضہ ہے۔ اگر کاشتکار کو اس کی فصل کی ایسی قیمت بھی نہ ملے جو اس کے پیداواری اخراجات پورے کرنے کے بعد اسے معقول منافع دے سکے تو وہ آخر کب تک گندم کاشت کرتا رہے گا؟

گزشتہ چند برسوں کے تجربات کسان کے لیے خاصے تلخ رہے ہیں۔ کبھی حکومت گندم کی پیداوار بڑھانے کے لیے کاشتکاروں کو ترغیب دیتی ہے اور کبھی فصل تیار ہونے کے بعد سرکاری خریداری کے معاملات میں ایسی بے یقینی پیدا ہو جاتی ہے کہ کسان اپنی فصل فوری طور پر فروخت کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ ملک عزیز میں باردانے کے حصول، سرکاری مراکز پر خریداری، ادائیگیوں میں تاخیر اور مڈل مین کے کردار نے چھوٹے کاشتکار کے مسائل میں بہت زیادہ اضافہ کیا ہے۔ ایسے حالات میں سب سے زیادہ فائدہ اس شخص کو ہوتا ہے جو کسان کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر کم قیمت پر گندم خریدتا اور بعد میں زیادہ نرخ پر فروخت کرتا ہے۔

دوسری طرف گزشتہ چند سالوں میں کسان کے پیداواری اخراجات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ ڈیزل، بجلی، ٹیوب ویل کے اخراجات، کھاد، معیاری بیج، زرعی ادویات، زرعی مشینری، مزدوری اور زمین کی تیاری کے اخراجات سب پہلے کی نسبت کہیں زیادہ ہیں۔ یوریا اور ڈی اے پی جیسی بنیادی کھادیں مہنگی ہوں، بجلی اور ڈیزل کے نرخ بڑھتے رہیں اور زرعی ادویات کی قیمتیں بھی کسان کی پہنچ سے باہر ہوتی جائیں تو محض یہ توقع کرنا کہ وہ سستی گندم پیدا کرتا رہے، حقیقت پسندانہ پالیسی نہیں۔

یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے: اگر حکومت قیمت مقرر کرتے وقت صنعت، تجارت اور مختلف شعبوں کے اخراجات کو مدنظر رکھتی ہے تو کسان کے پیداواری اخراجات کا حقیقی حساب کیوں نہیں کیا جاتا؟ گندم کی امدادی قیمت مقرر کرنے کے لیے محض سرکاری دفاتر میں بیٹھ کر تخمینہ لگانا کافی نہیں۔ اس میں بیج، کھاد، پانی، بجلی، ڈیزل، زرعی ادویات، مشینری، مزدوری، زمین کے کرائے، بینک قرضوں کے مارک اپ اور موسمی خطرات سمیت تمام اخراجات کو شامل کرنا چاہیے اور اس کے بعد کسان کے لیے مناسب منافع بھی یقینی بنانا چاہیے۔

ایک اور اہم مسئلہ حکومتی پالیسی میں تسلسل کا فقدان ہے۔ اگر بوائی کے وقت کسان کو معلوم ہی نہ ہو کہ فصل تیار ہونے پر حکومت کی خریداری پالیسی کیا ہوگی اور اسے اپنی گندم کس قیمت پر فروخت کرنا پڑے گی تو وہ مستقبل کی منصوبہ بندی کیسے کرے گا؟ زرعی معیشت قیاس آرائی نہیں بلکہ طویل المدت منصوبہ بندی کا تقاضا کرتی ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ گندم کی امدادی قیمت یا کم از کم قیمت کا واضح اعلان فصل کی بوائی سے پہلے کرے تاکہ کسان اسی حساب سے فیصلہ کر سکے کہ اسے گندم کاشت کرنی ہے یا کوئی دوسری فصل بونی ہے۔

یہ بات بھی نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ اگر کسان مسلسل خسارے کا شکار رہا تو وہ گندم سے منہ موڑ سکتا ہے۔ یہی صورت حال مستقبل میں پاکستان کے لیے غذائی تحفظ کا سنگین مسئلہ پیدا کر سکتی ہے۔ آج اگر مقامی کسان کی فصل مناسب قیمت پر نہیں خریدی جائے گی اور کل ملک کو گندم درآمد کرنا پڑی تو عالمی منڈی میں قیمتوں کے اتار چڑھاؤ، زرمبادلہ کی قلت اور درآمدی اخراجات کا بوجھ بالآخر عام صارف ہی کو برداشت کرنا پڑے گا۔ لہٰذا کسان کو مناسب قیمت دینا دراصل صارف کو مستقبل کے غذائی بحران سے محفوظ رکھنے کی پالیسی بھی ہے۔

حکومت کو صرف امدادی قیمت مقرر کر کے مطمئن نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس پر عملی طور پر عملدرآمد بھی یقینی بنانا ہوگا۔ پاسکو اور صوبائی محکمہ خوراک کے خریداری مراکز بروقت فعال کیے جائیں، نہ صرف فعال کیے جائیں بلکہ ان کی تعداد میں بھی خاطر خواہ اضافہ کیا جائے۔ باردانے کی تقسیم مکمل شفاف بنائی جائے، چھوٹے کسانوں کو ترجیح دی جائے اور ادائیگی کا نظام تیز کیا جائے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کسان کی رجسٹریشن اور براہ راست ادائیگی کا نظام وضع کیا جا سکتا ہے تاکہ مڈل مین اور غیر ضروری کمیشن کا کردار محدود ہو۔

اس معاملے کا ایک طویل المدت پہلو زرعی زمین کا تیزی سے سکڑتا ہوا رقبہ بھی ہے۔ شہروں کے پھیلاؤ، ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور رئیل اسٹیٹ کے بڑھتے ہوئے کاروبار نے زرعی زمین کو بھی کاروباری اثاثہ بنا دیا ہے۔ جب ایک کسان کو کبھی مادی محنت، مہنگی کھاد، پانی، بجلی، ڈیزل اور مزدوری کے بعد چند ہزار روپے فی ایکڑ بچت یا کبھی نقصان ہو، جبکہ یہی زمین بیچ کر اسے ایک ہی وقت میں بڑی رقم حاصل ہو سکتی ہو تو اس کا زراعت سے بددل ہونا فطری امر ہے۔ وہ زراعت کو خیرباد کہہ کر تجارت کی طرف راغب ہو گا اور زراعت جو پہلے ہی مشکل حالات سے دوچار ہے، تباہی کی طرف گامزن ہوگی۔

اگر زراعت سے حکومتی عدم توجہی کا یہی رجحان جاری رہا تو کل ہم یہ ضرور کہیں گے کہ ملک میں زرعی زمین کم ہو چکی، گندم کی پیداوار متاثر ہو گی اور خوراک درآمد کرنا پڑ رہی ہے، مگر اس وقت بہت دیر ہو چکی ہوگی۔ زرعی زمین کو غیر ضروری ہاؤسنگ اسکیموں کی نذر ہونے سے بچانا بھی قومی غذائی سلامتی کا حصہ ہونا چاہیے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت گندم کو محض ایک فصل نہیں بلکہ قومی غذائی تحفظ کا معاملہ سمجھے۔ کسان کو بروقت اور مناسب قیمت، معیاری بیج و کھاد کی دستیابی، سستی زرعی توانائی، آسان قرضوں اور منڈی تک براہ راست رسائی فراہم کی جائے۔ کسان خوشحال ہوگا تو دیہی معیشت مضبوط ہوگی، دیہی معیشت مضبوط ہوگی تو قومی معیشت کو سہارا ملے گا۔

حکومت کو ایئرکنڈیشنڈ دفاتر سے نکل کر کھیتوں تک جانا ہوگا، کسان کی مشکلات سننا ہوں گی اور پالیسی کاغذوں کے بجائے زمینی حقائق کی بنیاد پر بنانا ہوگی۔ آخر کار گندم صرف کسان کی فصل نہیں، پاکستان کے ہر گھر کے چولہے کا سوال ہے۔ کسان کو اس کی محنت کا جائز معاوضہ دینا دراصل ملک کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہے۔ اگر آج بھی کسان کے ساتھ ناانصافی جاری رہی تو کل گندم کی قیمت ہی نہیں، غذائی خودکفالت کی قیمت بھی بہت بھاری ہو سکتی ہے۔

اسرائیل کی عرب آبادی کی انتخابات میں اہمیت و شرکت

افتخار گیلانی

اسرائیلی دارالحکومت تل ابیب سے الجلیل (Galilee) کی سمت شمال کی جانب سفر کریں تو سڑک کے اطراف مناظر، خطاطی اور زبان یکسر بدل جاتے ہیں۔ دکانوں کے سائن بورڈز پر عبرانی دھندلا جاتی ہے اور عربی حروف نمایاں ہو کر ایک متبادل تاریخی و تہذیبی وجود کا اعلان کرتے ہیں۔ ناصرہ (Nazareth) اسرائیل کے اندر عرب آبادی کا سب سے بڑا شہری مرکز ہے۔ اس کے ارد گرد سخنین، عراب، کفر مندا، شفا عمرو اور طمرہ کے قصبات و دیہات پھیلے ہوئے ہیں۔ کچھ مزید جنوب کی طرف آئیں تو ام الفحم، طیبہ اور طیرہ جیسے عرب شہر واقع ہیں، جبکہ صحرائے نقب (Negev) کے ریتیلے دامن میں بدو آبادی کے وہ غیر تسلیم شدہ دیہات موجود ہیں جنہیں جدید اسرائیلی ریاست میپ پر تسلیم کرنے سے ہی انکاری ہے۔ یہ وہ آبادی ہے، جو اپنے آپ کو فلسطینی کے علاوہ اسرائیلی عرب کہتے ہیں۔ کیونکہ مقبوضہ مغربی کنارہ اور غازہ کے مکینوں کے برعکس ان کے پاس اسرائیلی شہریت ہے۔ پوری دنیا کی نگاہیں اس وقت اسرائیل کے 27 اکتوبر کے عام انتخابات کی طرف لگی ہوئی ہیں، جو صرف اس خطے میں، بلکہ دنیا میں امن یا مزید کشیدگی کا فیصلہ کریگا۔ یکم اکتوبر کو جب مغربی یروشلم میں اسرائیلی سپریم کورٹ کے نو ججوں پر مشتمل توسیعی بینچ عرب جماعتوں پر عائد پابندی پر سماعت کر رہا تھا، تو ان تمام بستیوں میں لوگ ٹیلی ویژن اور موبائل سکرینوں سے چپکے ہوئے تھے۔ مرکزی انتخابی کمیشن نے انتہائی دائیں بازو کے رہنما اور وزیر برائے قومی سلامتی اتمار بن گویر کے دباؤ پر عرب جماعتوں کے اتحاد اور اسلامی جماعت 'رعام' (Ra'am) کو انتخابی عمل سے باہر کر دیا تھا۔ بن گویر خود وکیل کا روپ دھار کر عدالت میں سامی ابو شحادہ جیسے عرب رہنماؤں کو نااہل کرانے کیلئے عدالت میں پہنچے تھے۔ سپریم کورٹ نے بالآخر عرب جماعتوں کو الیکشن لڑنے کی اجازت دے دی لیکن اس عدالتی معرکے نے ریاست کے ڈھانچے میں عربوں کی قانونی اور آئینی بے وزنی کو ایک بار پھر عریاں کر دیا ہے۔ حالیہ دنوں میں فلائی دبئی (Flydubai) کے طیارے سے متعلق مبینہ ہائی جیکنگ اور کاک پٹ میں پائلٹوں کے جھگڑے کے پراسرار واقعے نے اسرائیلی سیاسی حلقوں میں ایک نیا طوفان کھڑا کر دیا ہے۔ اسرائیل میں سیاسی تجزیہ کار کھلے عام یہ کہہ رہے ہیں کہ اس مبینہ ہائی جیکنگ کے واقعے کا سب سے بڑا سیاسی اور انتخابی فائدہ وزیر اعظم بنجمن نتن یاہو کو پہنچ سکتا ہے۔ دلچسپ اور معنی خیز امر یہ ہے کہ یہ مشتبہ ڈرامائی واقعہ نتن یاہو کے متحدہ عرب امارات کے دورے اور اماراتی قیادت سے حالیہ ملاقاتوں کے فوراً بعد پیش آیا۔ اس غیر معمولی ٹائمنگ نے مشرق وسطی اور خود تل ابیب میں نت نئے سوالات، سازشی مفروضوں اور شکوک وشبہات کو جنم دیا ہے۔ نتن یاہو کے ناقدین کا ماننا ہے کہ وہ اس واقعے کا استعمال کر کے یہودی ووٹروں میں خوف، سلامتی کے خدشات اور قوم پرستانہ لہر کو مزید گہرا کر کے اپنے حق میں رائے عامہ ہموار کر رہے ہیں۔ وہ ان کو بتا رہے ہیں کہ اس پر آشوب دور میں صرف وہی ایک مضبوط قیادت فراہم کر سکتے ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ، نتن یاہو اپنی مہم میں عرب ووٹوں اور عرب جماعتوں کو سیاسی خطرہ کے طور پر پیش کر رہے ہیں۔ وہ یہودی رائے دہندگان کو مسلسل خبردار کر رہے ہیں کہ اگر حزب اختلاف کی حکومت بنی تو وہ عرب جماعتوں کی محتاج ہوگی۔ سابق چیف آف سٹاف اور 'یشار' پارٹی کے سربراہ گاڈی آئزن کوٹ جیسے نام نہاد لبرل صیہونی رہنما پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ وہ کسی بھی قیمت پر منصور عباس کی رعام یا دیگر عرب جماعتوں کو اپنی حکومت کا حصہ نہیں بنائیں گے۔ اسرائیل میں حکومت بنانے کے لیے درکار 61 نشستوں کے جادوئی ہندسے کے لیے اگرچہ عرب ارکان کی حمایت عددی طور پر ناگزیر ہو سکتی ہے، لیکن یہودی تسلط پر مبنی سیاسی ڈھانچہ انہیں اقتدار کے اصل ایوانوں میں شریک کرنے پر کسی صورت آمادہ نہیں ہوتا ہے۔ ملک کے متناسب انتخابی نظام کے تحت اس بار تقریباً 38 چھوٹی بڑی سیاسی جماعتوں اور انتخابی لسٹوں نے کنیسٹ کی 120 نشستوں کے لئے پرچے داخل کیے ہیں، جن میں سے حالیہ جائزوں کے مطابق تقریباً 12 سے 13 پارٹیاں ہی 25.3 فیصد کا انتخابی تھریشولڈ پار کرنے کی پوزیشن میں ہیں۔ سیاسی منظر نامہ بنیادی طور پر دو متصادم کیمپوں اور چند آزاد دھڑوں میں منقسم ہے: ایک طرف بنجمن نتن یاہو کی قیادت میں برسر اقتدار دائیں بازو اور مذہبی جماعتوں کا اتحاد ہے جس میں لکوڈ (Likud)، الٹرا آرتھوڈوکس جماعتیں شاس اور یونائیٹڈ تورات یہودیت، اور انتہائی دائیں بازو کے قوم پرست دھڑے اتمار بن گویر کی 'جیوش پاور' اور بیزالیل سموٹریچ کی 'ریلیجس صیہونزم' شامل ہیں۔ دوسری طرف اپوزیشن کا صیہونی کیمپ ہے جس کی قیادت اس وقت سابق فوجی سربراہ اور 'یشار' Yashar پارٹی کے سربراہ گاڈی آئزن کوٹ کر رہے ہیں، جن کے ساتھ سابق وزیر اعظم نفتالی بینیٹ، یائر گولان کی دی ڈیموکریٹس اور ایویگڈور لیبرمین کی اسرائیل بیتینو ہیں۔ ان کے علاوہ فلسطینی عرب شہریوں کی نمائندگی کرنے والے دو الگ بلاک میدان میں ہیں۔ ایک اتحاد شدہ مشترکہ فہرست جس میں حداش، تعال اور بلاد شامل ہیں اور دوسری منصور عباس کی اسلامی جماعت 'رعام' جس کو یونائیٹڈ عرب لسٹ کہتے ہیں۔ تازہ ترین رائے عامہ کے جائزوں نے اسرائیلی سیاست میں ایک تعطل کی پیش گوئی کی ہے۔ حکومت سازی کے لیے درکار 61 نشستوں کی واضح اکثریت کسی ایک بلاک کو بھی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ سروے بتاتے ہیں کہ نتن یاہو کے حامی بلاک کو لگ بھگ 50 سے 51 نشستیں ملنے کا امکان ہے، جبکہ گاڈی آئزن کوٹ کی قیادت میں حزب اختلاف کا خیمہ 53 سے 54 نشستیں جیت سکتا ہے۔ نتن یاہو کی اپنی پارٹی لکوڈ، جس نے 2022 میں 32 نشستیں جیتی تھیں، اب گر کر 19 سے 21 نشستوں پر سکڑتی دکھائی دے رہی ہے، جس کی وجہ غزہ جنگ کی طوالت، قیدیوں کا تنازع اور اندرونی معاشی دباؤ ہے۔ دوسری طرف، سابق چیف آف سٹاف گاڈی آئزن کوٹ وزیر اعظم کے خلاف سب سے مضبوط چیلنجر بن کر ابھرے ہیں جن کی جماعت 'یشار' کو 21 سے 23 نشستیں ملنے کی توقع ہے۔ تاہم، چونکہ آئزن کوٹ اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں نے واضح کر دیا ہے کہ وہ منصور عباس یا دیگر عرب جماعتوں کے سہارے حکومت نہیں بنائیں گے، اس لیے نتن یاہو کے پاس عرب ووٹوں کے خوف کو ہوا دے کر، سیکولر رائے دہندگان کو ٹکڑوں میں بانٹ کر اور دائیں بازو کے بکھرے ہوئے دھڑوں کو متحد کر کے دوبارہ اقتدار کی راہ نکالنے کا امکان بدستور موجود ہے۔

جمہوریت کا ادھورا خواب: بلدیاتی انتخابات سے سیاسی جماعتوں کا مسلسل فرار




جنرل پرویز مشرف کے دور حکومت کے بعد پاکستان میں مسلسل جمہوری تسلسل قائم ہے۔ اس دوران مرکز اور صوبوں میں چوتھی اور پانچویں بار منتخب قومی و صوبائی حکومتیں قائم ہو چکی ہیں، لیکن افسوسناک امر یہ ہے کہ جمہوری تسلسل کے اس طویل سفر میں مقامی حکومتوں (لوکل گورنمنٹ) کا نظام مفلوج اور نظرانداز رہا۔ ملک کی تمام بڑی سیاسی جماعتیں چاہے وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) ہو، پاکستان پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم، جمعیت علماء اسلام ہو یا پاکستان تحریک انصاف کی، سبھی نے اقتدار میں آنے سے قبل بلدیاتی نظام اور اختیارات کی منتقلی کے بلند و بانگ دعوے کیے، مگر اقتدار ملتے ہی بلدیاتی انتخابات کو پس پشت ڈال دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اس پورے عرصے میں صرف ایک بار بلدیاتی انتخابات کا ڈرامہ رچایا گیا، اور اس کا دورانیہ بھی سیاسی اور انتظامی روڑے اٹکا کر مکمل نہ ہونے دیا گیا۔ بلدیاتی نظام کسی بھی فعال جمہوریت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ دنیا بھر میں نچلی سطح پر پانی، صفائی، سڑکوں کی مرمت، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات کی فراہمی بلدیاتی نمائندوں کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ لیکن پاکستان کی قیادت کا المیہ یہ ہے کہ وہ اقتدار اعلیٰ کا مرکز تو پارلیمنٹ کو مانتی ہے، مگر اختیارات کو گلی محلوں تک منتقل کرنے سے خوفزدہ رہتی ہے۔ جب سیاسی جماعتیں اپوزیشن میں ہوتی ہیں تو انہیں بلدیاتی نظام کی یاد ستاتی ہے، مگر اقتدار کے ایوانوں میں پہنچتے ہی ہر جماعت اختیارات پر سانپ بن کر بیٹھ جاتی ہے۔

اس صورت حال کا سب سے دردناک پہلو سیاسی جماعتوں کے وہ مخلص اور دیانت دار کارکنان ہیں جو دہائیوں سے اپنے علاقوں میں نچلی سطح پر پارٹی کا پرچم تھامے کھڑے ہیں۔ ہر بار انتخابات کے قریب آتے ہی سیاسی قیادت اپنے کارکنوں کو بلدیاتی ٹکٹوں کا آسرا دیتی ہے۔ گلی محلوں میں نعرے لگانے والے، جلوس نکالنے والے اور ووٹ مانگنے والے ان ورکرز کو سالہا سال سے صرف جھوٹے وعدوں کی لالی پاپ پر بہلایا جا رہا ہے۔ جب حکومتیں بن جاتی ہیں تو اپنے ہی کارکنوں کے ہاتھوں سے سیاسی اور مالی اختیارات چھین کر بیوروکریسی یا ایم این ایز اور ایم پی ایز کو دے دیے جاتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر عام ورکرز میں نہ صرف بددلی پھیل رہی ہے بلکہ عام شہری بھی اپنے گلی محلوں کے مسائل کے حل کے لیے در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ یہ رویہ جہاں سیاسی جماعتوں کی ذہنی منافقت کو بے نقاب کرتا ہے، وہاں آئین پاکستان کے آرٹیکل A-140 کی بھی صریح خلاف ورزی ہے۔ آئین ریاست کو اس بات کا پابند بناتا ہے کہ وہ مقامی حکومتوں کا قیام عمل میں لائے اور سیاسی، مالی و انتظامی اختیارات منتخب نمائندوں کو منتقل کرے، مگر صوبائی حکومتیں ہمیشہ اس شق کو نظرانداز کرتی آئی ہیں۔ بیوروکریسی کے ذریعے اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈز کا استعمال سیاسی فائدے کے لیے تو کیا جاتا ہے، لیکن عوام کے منتخب بلدیاتی نمائندوں کو ایک روپیہ دینے سے بھی پرہیز کیا جاتا ہے۔ پاکستان کی سیاسی قیادت کو یہ سمجھنا ہوگا کہ حقیقی جمہوریت صرف اسلام آباد یا صوبائی دارالحکومتوں کے ایوانوں تک محدود نہیں ہو سکتی۔ ایک مضبوط اور پائیدار جمہوریت کے لیے نچلی سطح کا بااختیار بلدیاتی نظام ناگزیر ہے۔ اگر سیاسی جماعتیں واقعی ملک میں جمہوری اقدار کی پاسداری اور اپنے پسے کارکنوں کی عزت بحال کرنا چاہتی ہیں، تو انہیں فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کے انعقاد اور مقامی نمائندوں کو مالی و انتظامی طور پر بااختیار بنانے کا ٹھوس عمل درآمد کرنا ہوگا۔ ورنہ "عوام کی حکومت، عوام کے لیے" کا نعرہ محض ایک کھوکھلا دعویٰ ہی رہے گا۔



بھارتی کرکٹ لیجنڈ سچن ٹنڈولکر کا اوپن اے آئی کے ساتھ نئی شراکت داری کا اعلان



نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ لیجنڈ سچن ٹنڈولکر نے اوپن اے آئی کے ساتھ نئی شراکت داری کا اعلان کر دیا جس کے تحت وہ بھارت میں لوگوں کو روزمرہ ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی میں چیٹ جی پی ٹی کے استعمال کے طریقے دکھائیں گے۔ کرکٹ لیس میڈیا رپورٹ کے مطابق سچن ٹنڈولکر نے گزشتہ روز شراکت داری کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے کچھ دلچسپ چیزیں سامنے آنے والی ہیں جنہیں شیئر کرنے کے لیے بے تاب ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹیکنالوجی کے حوالے سے ہمیشہ متجسس رہا ہوں اور چیٹ جی پی ٹی نے سیکھنے کے عمل کو مزید بڑھایا ہے۔ سچن کے مطابق انہوں نے چیٹ جی پی ٹی کو عملی مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا، حتی کہ اپنے خاندان کے آخری سفر کی منصوبہ بندی میں بھی اس ٹیکنالوجی سے مدد لی۔ یہ شراکت داری سچن ٹنڈولکر کے کمرشل پارٹنرشپس میں ایک اور بڑا اضافہ ہے۔ دوسری جانب اوپن اے آئی نے بھارتی کرکٹ سے بھی اپنا تعلق مضبوط کیا ہے، رواں ماہ بی سی سی آئی نے بھارت کی ہوم کرکٹ کے لیے دو سیزنز، یعنی مارچ 2028 تک، چیٹ جی پی ٹی کو ایسوسی ایٹ پارٹنر بنانے کا اعلان کیا تھا۔

آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ 2027 کا شیڈول جمعرات کو جاری کیا جائے گا

دبئی (این این آئی) آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ 2027 کا شیڈول جمعرات کو جاری کیا جائے گا، آئی سی سی اور کرکٹ ساؤتھ افریقہ کیپ ٹاؤن میں ورلڈ کپ کے شیڈول کا اعلان کرے گی۔ یکم اکتوبر سے آئی سی سی ورلڈ کپ کا ایک سال کا کاؤنٹ ڈاؤن شروع ہوگا، آئی سی سی ورلڈ کپ دو اکتوبر سے 21 نومبر 2027 تک کھیلا جائے گا۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق 30 ستمبر کو ورلڈ کپ کھیلنے والی 14 میں سے 10 ٹیموں کا فیصلہ ہوگا۔ آئی سی سی ورلڈ کپ کی ٹکٹس کے لیے بیلٹ بھی لانچ کرے گی، فینز یکم اکتوبر سے ٹکٹس بیلٹ کے لیے رجسٹریشن کر سکیں گے۔ آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ 2027 کا شیڈول جمعرات کو جاری کیا جائے گا۔

فیفا ورلڈ کپ 2026، کیپ ورڈی کی شاندار کارکردگی کے اہم کردار بننے والے 41 سالہ گول کیپر ووزینہا نے اعتراف

زیورخ (این این آئی) فیفا ورلڈ کپ 2026 میں کیپ ورڈی کی شاندار کارکردگی کے اہم کردار بننے والے 41 سالہ گول کیپر ووزینہا نے اعتراف کیا ہے کہ اچانک ملنے والی شہرت نے ان کی نجی زندگی متاثر کر دی ہے۔ اسپین کے خلاف میچ میں ووزینہا نے سات شاندار سیوز کیے اور دفاعی چیمپئن کے خلاف بغیر کسی گول کے میچ برابر کر کے تاریخ رقم کی۔ اس کارکردگی کے بعد ان کے انسٹاگرام فالوورز کی تعداد تقریباً 56 ہزار سے بڑھ کر 10 لاکھ سے تجاوز کر گئی تاہم ووزینہا کے مطابق شہرت کے ساتھ ملنے والی توجہ نے ان کا سکون چھین لیا ہے۔



ویرات کوہلی نے ایک ہی میچ میں کئی نئے ریکارڈ اپنے نام کر لیے

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کے اسٹار بیٹر ویرات کوہلی نے ویسٹ انڈیز کے خلاف پہلے ون ڈے میں ناقابل شکست 139 رنز کی شاندار اننگز کھیل کر کئی نئے ریکارڈ اپنے نام کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق ویرات کوہلی نے نا صرف ون ڈے کرکٹ میں اپنی 55 ویں سنچری مکمل کی بلکہ ویسٹ انڈیز کے خلاف سب سے زیادہ انٹرنیشنل سنچریاں بنانے کے معاملے میں سابق بھارتی کپتان سنیل گواسکر کا ریکارڈ بھی برابر کر دیا۔ سنیل گواسکر نے اپنے کیریئر میں ویسٹ انڈیز کے خلاف 38 میچز میں 13 سنچریاں بنائی تھیں اور اب ویرات کوہلی نے 74 میچز میں اپنی 13 ویں سنچری اسکور کر کے ان کا ریکارڈ برابر کر دیا۔ ویرات کوہلی نے اس اننگز کے دوران بھارتی لیجنڈ سچن ٹنڈولکر کے 2 بڑے ریکارڈ بھی اپنے نام کیے ہیں۔ انہوں نے ون ڈے کرکٹ کی تاریخ میں تیز ترین 15 ہزار رنز مکمل کرنے کا ریکارڈ بھی بنایا جو کہ اس سے قبل سچن ٹنڈولکر کے پاس تھا۔ علاوہ ازیں ویرات کوہلی نے ون ڈے فارمیٹ میں بھارتی سرزمین پر سب سے زیادہ رنز بنانے کا سچن ٹنڈولکر کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ سچن ٹنڈولکر نے بھارت میں کھیلے گئے ون ڈے میچوں میں 6 ہزار 976 رنز بنائے تھے، جب کہ ویرات کوہلی نے اپنے رنز کی تعداد 7 ہزار 6 تک پہنچا دی۔ کوہلی نے تروانت پورم میں کھیلی گئی اپنی اننگز کے دوران ایک اور منفرد ریکارڈ بھی قائم کیا۔

سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ سیریز کیلئے میچ آفیشلز پینل کا اعلان

پاکستان اور سری لنکا کے مابین ٹی ٹوئنٹی سیریز 9، 11 اور 13 اکتوبر کو راولپنڈی میں ہوگی

لاہور/راولپنڈی (این این آئی) سری لنکا کے خلاف ٹی ٹوئنٹی اور ٹیسٹ سیریز کیلئے میچ آفیشلز پینل کا اعلان کر دیا گیا۔ پی سی بی کے اعلامیہ کے مطابق پی سی بی نے انگلینڈ، پاکستان، سری لنکا ون ڈے ٹرائی سیریز کے لیے بھی میچ آفیشلز کا اعلان کر دیا، ون ڈے ٹرائی سیریز میں آئی سی سی ایلیٹ پینل میچ ریفری جیف کرو فرائض سرانجام دیں گے، ون ڈے ٹرائی سیریز میں آئی سی سی ایلیٹ پینل امپائرز احسن رضا اور شرفدولہ، ون ڈے ٹرائی سیریز کے دیگر امپائرز میں آصف یعقوب، راشد ریاض، فیصل آفریدی اور ناصر حسین بھی شامل ہیں، نیوزی لینڈ سے تعلق رکھنے والے امپائر وین نائٹس بھی ٹرائی سیریز میں امپائرنگ کی ذمہ داریاں نبھائیں گے، ون ڈے ٹرائی سیریز کے فائنل میں احسن رضا اور نائٹس آن فیلڈ جبکہ شرفدولہ تھرڈ امپائر ہوں گے، شرفدولہ اور نائٹس ٹرائی سیریز میں بالترتیب چار اور تین میچز میں تھرڈ امپائر کی ڈیوٹی بھی سر انجام دیں گے، انگلینڈ سے تعلق رکھنے والے آئی سی سی ایمرجنگ ریفری ڈین کوسکر ٹیسٹ سیریز میں ذمہ داریاں ادا کریں، ڈین کوسکر ٹیسٹ کرکٹ میں بطور ریفری راولپنڈی میں ڈیبیو کریں گے، آئی سی سی ایلیٹ پینل امپائرز روڈ ٹکر، ایڈرین ہولڈسٹاک اور الاہودین پالیکر ٹیسٹ سیریز میں آن فیلڈ امپائرز ہوں گے، پالیکر اور ٹکر پہلے اور دوسرے ٹیسٹ میں بالترتیب تھرڈ امپائر کی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔



آسٹریلوی کرکٹر کیمرون گرین نے ایملی ریڈووڈ سے شادی کر لی

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر اور ویسٹرن آسٹریلیا کے معروف آل راؤنڈر کیمرون گرین نے اپنی دیرینہ ساتھی ایملی ریڈووڈ سے شادی کر لی۔ 27 سالہ کیمرون گرین اور ایملی ریڈووڈ نے شادی کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کر دیں۔ شادی کی تقریب کو نسلو کے سوک سینٹر گراؤنڈز میں ہوئی، جہاں کیمرون گرین روایتی سیاہ ٹکسیڈو جبکہ ایملی ریڈووڈ سفید عروسی لباس میں نظر آئیں۔ تقریب کے بعد دوستوں اور اہل خانہ نے نوبیاہتا جوڑے کو پھولوں کی بارش کے درمیان رخصت کیا، بعد ازاں دونوں نے ایک ساتھ رقص بھی کیا۔ کیمرون گرین اور ایملی ریڈووڈ نے فروری 2025 میں منگنی کا اعلان کیا تھا، گرین نے پاڈ کاسٹ میں انہیں شادی کی پیشکش کی تھی۔ دونوں منگنی سے قبل تقریباً 5 سال سے ایک دوسرے کے ساتھ تعلق میں تھے، ایملی ریڈووڈ ماہر غذائیت اور پی ایچ ڈی کی طالبہ ہیں۔

اٹلی، نئے فٹبال اسٹیڈیم کی تعمیر کے منصوبے کی باضابطہ منظوری

روم (این این آئی) اٹلی کے معروف فٹبال کلب روما کو اطالوی دارالحکومت میں نئے اسٹیڈیم کی تعمیر کے منصوبے پر باضابطہ طور پر اجازت مل گئی ہے۔ نئے منصوبے پر تقریباً 1.2 ارب پاؤنڈ لاگت آئے گی۔ نیا اسٹیڈیم 60 ہزار تماشائیوں کی گنجائش رکھے گا اور تعمیراتی کام اگلے سال مارچ میں شروع ہونے کی توقع ہے۔ یہ اسٹیڈیم روم کے علاقے پیترالاتا میں تعمیر کیا جائے گا، جو کلب کے موجودہ ہوم گراؤنڈ اسٹیڈیو اولمپیکو سے تقریباً 10 کلومیٹر دور ہے۔ روما کو ہونے والی کانفرنس آف سروسز میں منصوبے پر عمل درآمد کی باضابطہ منظوری دی گئی، جس کے بعد کلب نئے اسٹیڈیم کی تعمیر کے اگلے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔

پریمیئر لیگ میں ہالینڈ کا گول متنازع قرار، وی اے آر سے بڑی غلطی ہوگئی

پرو ریف کے مطابق وی اے آر نے سٹی کے کھلاڑی اینزو فرنانڈیز کی پوزیشن کے ممکنہ اثرات کو نظرانداز کیا

مانچسٹر (این این آئی) مانچسٹر سٹی اور مانچسٹر یونائیٹڈ کے درمیان پریمیئر لیگ کے اہم مقابلے میں ایرلنگ ہالینڈ کے فیصلہ کن گول پر وی اے آر کے فیصلے کو ریفریوں کی تنظیم پرو ریف نے غلط قرار دے دیا۔ اولڈ ٹریفورڈ میں گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں ہالینڈ نے 60 ویں منٹ میں گول کیا تاہم اسسٹنٹ ریفری نے اسے آف سائیڈ قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا تھا۔ بعد ازاں وی اے آر جائزے میں ہالینڈ کو آن سائیڈ قرار دیا گیا اور گول منظور ہو گیا جس کی بدولت مانچسٹر سٹی نے 0-1 سے کامیابی حاصل کی۔ پرو ریف کے مطابق وی اے آر نے سٹی کے کھلاڑی اینزو فرنانڈیز کی پوزیشن کے ممکنہ اثرات کو نظرانداز کیا۔ فرنانڈیز آف سائیڈ پوزیشن میں رہتے ہوئے گیند کو ہیڈ کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ تنظیم کے مطابق اگرچہ انہوں نے گیند کو چھوا نہیں لیکن ان کی پوزیشن کھیل پر اثر انداز ہو سکتی تھی، اس لیے وی اے آر کو فیلڈ ریویو کی سفارش کرنی چاہیے تھی۔ پرو ریف نے مانچسٹر یونائیٹڈ سے رابطہ کر کے فیصلے کو غلطی قرار دیا اور واقعے کا دوبارہ جائزہ لینے کا اعلان کیا۔

سابق انگلش آل راؤنڈر 91 برس کی عمر میں چل بسے

لندن (این این آئی) انگلینڈ اور یارکشائر کے سابق آل راؤنڈر کین ٹیلر 91 برس کی عمر میں انتقال کر گئے۔ ہڈرزفیلڈ میں پیدا ہونے والے کین ٹیلر نے صرف 17 برس کی عمر میں یارکشائر کی جانب سے فرسٹ کلاس کرکٹ کا آغاز کیا۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں 303 فرسٹ کلاس میچز کھیلے اور یارکشائر کے لیے کئی برس تک اہم کردار ادا کیا۔ ٹیلر نے 1959 سے 1968 کے درمیان یارکشائر کو سات کاؤنٹی چیمپئن شپ ٹائٹلز جتوانے میں حصہ لیا۔ یارکشائر نے انہیں اپنی نسل کے انتہائی ہمہ گیر اور صلاحیتوں سے مالا مال کھلاڑیوں میں شمار کیا۔ بطور بلے باز انہوں نے فرسٹ کلاس کرکٹ میں 12 ہزار 864 رنز بنائے، جن میں 16 سنچریاں شامل تھیں۔ ان کی بہترین انفرادی اننگز 1961 میں وارکشائر کے خلاف ایجبسٹن میں ناقابل شکست 203 رنز تھی۔ کین ٹیلر صرف بیٹنگ تک محدود نہیں تھے بلکہ وہ درمیانی رفتار کے موثر بالر بھی تھے۔ انہوں نے اپنے فرسٹ کلاس کیریئر میں 129 وکٹیں حاصل کیں اور 146 کیچز بھی پکڑے۔ 1961 میں روایتی روزز میچ میں لنکاشائر کے خلاف اولڈ ٹریفورڈ میں کین ٹیلر نے شاندار بالنگ کرتے ہوئے 75 رنز دے کر 6 وکٹیں حاصل کیں۔ وہ کرکٹ کے ساتھ فٹبال سے بھی وابستہ رہے اور ہڈرزفیلڈ ٹاؤن کی جانب سے دفاعی کھلاڑی کے طور پر بھی کھیل چکے تھے۔

☆☆☆☆☆



Scanned with CamScanner

1 تصویر

ایک مربع کی ایک طرف کی لمبائی 6.3 سینٹی میٹر ہے۔ اس مربع کا رقبہ کتنے مربع سینٹی میٹر ہوگا؟

2 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی اس کی چوڑائی سے 9 میٹر زیادہ ہے۔ اگر اس مستطیل کا محیط 74 میٹر ہو تو اس کی لمبائی کتنے میٹر ہوگی؟

3 تصویر

ایک مربع کی ایک طرف کی لمبائی 12 سینٹی میٹر ہے۔ اس مربع کا رقبہ کتنے مربع سینٹی میٹر ہوگا؟

4 تصویر

ایک مستطیل باغیچے کی لمبائی 18 میٹر اور چوڑائی 11 میٹر ہے۔ اس باغیچے کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

5 تصویر

ایک مربع کی ایک طرف کی لمبائی 15 سینٹی میٹر ہے۔ اس مربع کا رقبہ کتنے مربع سینٹی میٹر ہوگا؟

6 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 14 میٹر اور چوڑائی 9 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

7 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 16 میٹر اور چوڑائی 10 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

8 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 17 میٹر اور چوڑائی 12 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

9 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 13 میٹر اور چوڑائی 8 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

10 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 15 میٹر اور چوڑائی 11 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

11 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 19 میٹر اور چوڑائی 14 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

12 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 20 میٹر اور چوڑائی 13 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

13 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 21 میٹر اور چوڑائی 15 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

14 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 22 میٹر اور چوڑائی 16 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

15 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 23 میٹر اور چوڑائی 17 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

16 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 24 میٹر اور چوڑائی 18 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

17 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 25 میٹر اور چوڑائی 19 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

18 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 26 میٹر اور چوڑائی 20 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

19 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 27 میٹر اور چوڑائی 21 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

20 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 28 میٹر اور چوڑائی 22 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

21 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 29 میٹر اور چوڑائی 23 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

22 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 30 میٹر اور چوڑائی 24 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

23 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 31 میٹر اور چوڑائی 25 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

24 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 32 میٹر اور چوڑائی 26 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

25 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 33 میٹر اور چوڑائی 27 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

26 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 34 میٹر اور چوڑائی 28 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

27 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 35 میٹر اور چوڑائی 29 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

28 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 36 میٹر اور چوڑائی 30 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

29 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 37 میٹر اور چوڑائی 31 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

30 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 38 میٹر اور چوڑائی 32 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

31 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 39 میٹر اور چوڑائی 33 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

32 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 40 میٹر اور چوڑائی 34 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

33 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 41 میٹر اور چوڑائی 35 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

34 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 42 میٹر اور چوڑائی 36 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

35 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 43 میٹر اور چوڑائی 37 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

36 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 44 میٹر اور چوڑائی 38 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

37 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 45 میٹر اور چوڑائی 39 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

38 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 46 میٹر اور چوڑائی 40 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

39 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 47 میٹر اور چوڑائی 41 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

40 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 48 میٹر اور چوڑائی 42 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

41 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 49 میٹر اور چوڑائی 43 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

42 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 50 میٹر اور چوڑائی 44 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

43 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 51 میٹر اور چوڑائی 45 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

44 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 52 میٹر اور چوڑائی 46 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

45 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 53 میٹر اور چوڑائی 47 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

46 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 54 میٹر اور چوڑائی 48 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

47 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 55 میٹر اور چوڑائی 49 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

48 تصویر

ایک مستطیل کی لمبائی 56 میٹر اور چوڑائی 50 میٹر ہے۔ اس مستطیل کا رقبہ کتنے مربع میٹر ہوگا؟

Scanned with CamScanner

نواز شریف کارڈیک سنٹر میں عوام کو جدید سہولیات میسر ہونگی، سلمان رفیق

حکومت پنجاب نے ہسپتال کیلئے تاریخ میں پہلی بار کروڑوں روپوں کی جدید مشینری خریدی ہے، صوبائی وزیر صحت

سید محمد حسین سامانی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری و گردونواح کیلئے ایک بہترین علاج گاہ ثابت ہو رہی ہے، خطاب

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پروفیسر مسفر اح، ایم ایس ہسپتال ڈاکٹر قیصر عباسی اور بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری کے انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پروفیسر مسفر اح نے جاری پیش رفت بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق نواز شریف کارڈیک سنٹر کے ذریعے مری و گردونواح (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



مظفر آباد، وزیراعظم افتخار گیلانی سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور ریڈ کریسنٹ کی جانب سے لگائے گئے سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

سی ٹی او اسلام آباد کا ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ

تعمیراتی کام کا جائزہ، نمایاں کارکردگی پر ٹریفک پولیس آفیسر کی حوصلہ افزائی کی

بریفنگ بھی لی اور ہدایت کی کہ تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے

اسلام آباد (سٹی رپورٹ) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کاشانات اظہر خان نے ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ کرکے تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور مزید براں نمایاں کارکردگی پر ٹریفک پولیس آفیسر کی حوصلہ افزائی کی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کاشانات اظہر خان نے ٹریفک پولیس ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے زیر تعمیر عمارت میں جاری تعمیراتی سرگرمیوں اور ہیڈکوارٹرز کے مختلف حصوں میں ہونے والے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران سی ٹی او اسلام آباد نے تعمیراتی کام کی پیش رفت، مختلف حصوں میں جاری سرگرمیوں اور منصوبے کی تکمیل سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران سے تعمیراتی مراحل، کام کی رفتار اور دیگر انتظامی امور کے بارے میں بریفنگ بھی لی اور ہدایت کی کہ تعمیراتی کام مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیراتی سرگرمیوں کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، اٹلی میں ورک ویزا کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیانے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (سٹی رپورٹ) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے کارروائی کرتے ہوئے اٹلی ورک ویزا کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیانے میں ملوث ملزم راحیہ وجاہت اقبال کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ نمبر 693/26 مورخہ 2026-09-30 تھانہ FIA AHTC راولپنڈی میں درج ہے۔ ملزم پر الزام ہے کہ اس نے مدعی کی بیٹی کو اٹلی کا ورک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



رکن اسمبلی طاہرہ اورنگزیب اور ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عالمی سطح پر تیل کے نرخ میں اضافہ، پاکستان میں مہنگائی بڑھنے کا خدشہ

17 جولائی تک پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 7.22 ارب ڈالر رہے، سٹیٹ بینک کے پاس ذخائر 3.17 ارب ڈالر تک پہنچ گئے

ایف بی آر ٹیکس وصولیوں میں 8.10 فیصد اضافہ ہوا، مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 6.1 فیصد تک محدود رہا، وزارت خزانہ رپورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافے سے پاکستان میں مہنگائی کا دباؤ بڑھنے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے، وزارت خزانہ نے جولائی 2026 میں مہنگائی 9 سے 10 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کر دیا، وزارت خزانہ نے ملکی معیشت سے متعلق ماہانہ آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025-26 میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 9.33 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، مالی سال 2025-26 میں ملکی برآمدات 6.4 فیصد کمی سے 8.30 ارب ڈالر رہیں، کارکنوں کی ترسیلات زر 6.41 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، جس کے باعث ترسیلات زر میں سالانہ بنیادوں پر 6.8 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، وزارت خزانہ کے مطابق 17 جولائی تک پاکستان کے زرمبادلہ ذخائر 7.22 ارب ڈالر رہے، سٹیٹ بینک کے پاس زرمبادلہ ذخائر 3.17 ارب ڈالر تک پہنچ گئے۔ جون (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)



مظفر آباد، ممبر اسمبلی مختار عباسی 2005 کے تباہ کن زلزلے میں شہید ہونے والے افراد کی یاد میں قائم یادگار پر گلدستے چڑھانے کے بعد دعا کر رہے ہیں

ڈینگی کیخلاف مؤثر اقدامات، راولپنڈی میں صورتحال بہتر ہے، طاہرہ اورنگزیب، ندیم ناصر

انسداد ڈینگی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی اور بروقت رسپانس کے باعث صورتحال کو قابو میں رکھنے میں مدد ملی ہے، رکن قومی اسمبلی

حساس علاقوں میں گھروں اور ہاٹ سپاٹس کی باقاعدگی سے چیکنگ، لاروا کی نشاندہی اور ٹارگٹڈ فوگنگ جاری ہے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی اینڈ رسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات دانیال چوہدری، سینیٹر ناصر بٹ، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ، اراکین صوبائی اسمبلی اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع راولپنڈی میں انسداد ڈینگی اقدامات، ویکٹر سرویلنس، لاروا کیسز، فیلڈ رسپانس، فوگنگ، صفائی ستھرائی اور آگاہی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال ڈینگی کی صورتحال گزشتہ سال کی نسبت مجموعی طور پر بہتر ہے جبکہ انسداد ڈینگی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی اور بروقت رسپانس کے باعث صورتحال کو قابو میں رکھنے میں مدد ملی ہے۔ بریفنگ کے مطابق رواں سال ضلع راولپنڈی میں ڈینگی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ڈی پی او چکوال کی کھلی کچہری، درخواست دہندگان کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری

چکوال (سٹی رپورٹ) ڈی پی او چکوال کاشف ذوالفقار نے کھلی کچہری کے دوران درخواست دہندگان کے مسائل سن کر حل کیلئے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے سروس ڈیلیوری کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزمرہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں تمام درخواست دہندگان کے مسائل سنے گئے اور انکو موقع پر حل کرنے کے احکامات جاری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

علی ظہیر بابر کی کتاب فطرت کی رعنائیاں نیشنل بک فاؤنڈیشن سے شائع

پہاڑ، سمندر، دریا، صحرا، موسم، فلکیات اور زمین کی تاریخ کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ

فطرت کی رعنائیاں قدرتی دنیا کے مختلف مظاہر کو معلوماتی اور دلکش انداز میں پیش کرتی ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹ) نیشنل بک فاؤنڈیشن، وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے زیر اہتمام علی ظہیر بابر کی کتاب فطرت کی رعنائیاں شائع ہو گئی ہے۔ 506 صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت 3310 روپے مقرر کی گئی ہے، جبکہ قارئین کے لیے یہ کتاب نیشنل بک فاؤنڈیشن کی ملک بھر میں قائم بک شاپس اور آؤٹ لیٹس پر 50 فیصد رعایت کے ساتھ دستیاب ہے۔ کتاب کے دس ابواب میں قدرتی حسن اور فطرت سے لطف اندوز ہونے کے طریقوں کے علاوہ درخت و جنگلات، پہاڑ و بلند سطح مرتفع، سمندر و ساحل، گھاس کے میدان و چراگاہیں، جھیلیں و دریا، صحرا و بنجر زمینیں، موسم و فلکیات، جیالوجی اور زمین کی تاریخ جیسے موضوعات شامل ہیں۔ آخری باب میں فطرت سے وابستگی اور اس میں عملی طور پر حصہ لینے کو خوشی اور زندگی کے مثبت تجربے سے جوڑا گیا ہے۔ فطرت کی رعنائیاں قدرتی دنیا کے مختلف مظاہر کو معلوماتی اور دلکش انداز میں پیش کرتی ہے۔ کتا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)



جامشورو، پناہ کے جنرل سیکرٹری اور ڈائریکٹر آپریشنز کا شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

چوہدری شافع حسین سے چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنی کے وفد کی ملاقات

چین کے سرمایہ کار ای وی چارجنگ اسٹیشنز، سپر سیڈرز اور زرعی آلات کی مقامی سطح پر مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری کریں، وزیر صنعت و تجارت

ہمارے گروپ کا پاکستان کے ساتھ جوائنٹ وینچر موجود ہے، بھلوال انڈسٹریل اسٹیٹ میں نیا کارخانہ لگائیں گے، چیئرمین مسٹر یانگ جوفینگ

لاہور (خصوصی رپورٹ) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے ای وی سیکٹر سے وابستہ چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنی کے وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت چین کے سیج (SAIGE) گروپ کے چیئرمین مسٹر یانگ جوفینگ کر رہے تھے۔ چیمبر ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے کامرس ڈاکٹر ذوالفقار بھٹی، کری انٹو گروپ کے سی ای او انجینئر میاں سلطان محمود اور دیگر صنعتکار بھی موجود تھے۔ چیئرمین مسٹر یانگ جوفینگ نے کہا کہ ہمارے گروپ کا ای وی سیکٹر میں کری انٹو گروپ پاکستان کے ساتھ جوائنٹ وینچر موجود ہے۔ مشترکہ پروجیکٹ کے تحت 100 فیصد مقامی سطح پر روزانہ 200 الیکٹرک موٹر بائیک تیار ہو رہے ہیں۔ الیکٹرک موٹر بائیکس کی مینوفیکچرنگ روزانہ کی بنیاد پر 1000 تک بڑھائی جائے گی، اس مقصد کیلئے بھلوال انڈسٹریل اسٹیٹ میں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



اسلام آباد، شہزادہ احمد راٹھور پرنسپل انفارمیشن آفیسر ریحہ عادل کو اپنی تصنیف پیش کر رہے ہیں

آئی جی کی ایئر یونیورسٹی کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا اسٹڈیز کے طلباء کیساتھ ملاقات

جدید پولیسنگ نظام، پبلک فرینڈلی پولیسنگ اور کمیونٹی پولیسنگ کے مختلف اقدامات کا جائزہ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے ایئر یونیورسٹی کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا اسٹڈیز کے طلباء کے ساتھ ملاقات کی جس میں طلباء نے مطالعاتی دورے میں اسلام آباد پولیس کے جدید پولیسنگ نظام، پبلک فرینڈلی پولیسنگ اور کمیونٹی پولیسنگ کے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئر یونیورسٹی کے شعبہ کمیونیکیشن اینڈ میڈیا اسٹڈیز کے طلباء و طالبات نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسلام آباد پولیس کے جدید پولیسنگ نظام، پبلک فرینڈلی پولیسنگ اور کمیونٹی پولیسنگ کے مختلف اقدامات کا جائزہ لیا۔ مطالعاتی دورے کے دوران وفد نے آئی جی اسلام (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

آئی جی اسلام آباد کی لاجسٹکس ڈویژن کے افسران سے ملاقات

نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد تقسیم

اسلام آباد (سٹی رپورٹ) آئی جی اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے لاجسٹکس ڈویژن کے افسران سے ملاقات کی اور ویلفیئر اقدامات کا جائزہ لیا اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و جوانوں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن ریٹائرڈ محمد سہیل چوہدری نے لاجسٹکس ڈویژن کے افسران سے ملاقات کی، جس میں پولیس افسران و جوانوں کی فلاح و بہبود اور ویلفیئر سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات کے دوران پولیس ملازمین کی ضروریات، دستیاب سہولیات اور ویلفیئر سے متعلق مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی جی اسلام (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو کی پی آئی او سے ملاقات

میڈیا کی بقیہ ادائیگیاں چند دنوں میں کلیئر کر دی جائیں گی

اسلام آباد (سٹی رپورٹ) اکاؤنٹنٹ جنرل پاکستان ریونیو (اے جی پی آر) ثناء احمد چیمہ نے پی آئی ڈی میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل/پرنسپل انفارمیشن آفیسر (ای ڈی جی/پی آئی او) ریحہ عادل سے ملاقات کی۔ انہوں نے ملاقات کے دوران میڈیا کی ادائیگیوں سے متعلق کارروائی میں ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا اور یقین دلایا کہ اے جی پی آر میڈیا پارٹنرز کو ادائیگیاں جلد از جلد اور بروقت جاری کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون کے لیے پوری طرح پرعزم ہے۔ ای ڈی جی/پی آئی او نے دورے کا خیر مقدم کیا اور میڈیا ادائیگیوں کے عمل کو رواں اور بروقت بنانے کے لیے پی آئی ڈی اور اے جی پی آر کے درمیان جاری با (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ایس ایس پی انویسٹی گیشن کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (سٹی رپورٹ) ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انویسٹی گیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انویسٹی گیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ موصول کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



حیدرآباد، محنت کش لڑکے ہاتھ سے بنے مٹی کے برتنوں پر نقش و نگار کرنے میں مصروف ہیں

ستمبر میں 92 عمارتیں سیل، لاکھوں روپے جرمانے وصول

کیپٹل ایمرجنسی سروسز کی فائر سیفٹی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں

اسلام آباد (سٹی رپورٹ) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی ہدایات پر کیپٹل ایمرجنسی سروسز (CES) نے ستمبر 2026 کے دوران اسلام آباد بھر میں فائر سیفٹی قوانین پر عملدرآمد کے لیے بڑے پیمانے پر کارروائیاں کرتے ہوئے 92 فائر اینڈ سیفٹی کے قوانین کی عملداری نہ کرنے والی عمارتیں/مقامات سیل کیے۔ سی ڈی اے کے بلڈنگ ایمرجنسی آؤٹ اینڈ پریوینشن ونگ کی جانب سے کمرشل، ہسپتالوں، رہائشی اور سرکاری عمارتوں کے وسیع پیمانے پر فائر لائف سیفٹی آڈٹس کیے گئے۔ کارروائیاں اسلام آباد فائر پریوینشن اینڈ لائف سیفٹی ریگولیشنز کے تحت کی گئیں۔ ستمبر کے دوران مختلف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

لاش خالو کے گھر سے برآمد ہونے سے پہلے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

گھر کے اندر چارپائی کے نیچے سے بچی کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی تھی

راولپنڈی (سٹی رپورٹ) راولپنڈی کے تھانہ پیرودھائی کے علاقے سے لاپتہ ہونے والی پندرہ سالہ معصوم کی نعش خالو کے گھر سے برآمد ہونے سے پہلے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی۔ خالو کو مبینہ طور پر بچی کو گلی میں روک کر بات چیت کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ پولیس نے اغواء کے مقدمے میں قتل کی دفعہ 302 بھی شامل کرلی، جبکہ مبینہ ملزم کی گرفتاری کے لیے چارسدہ اور ایبٹ آباد سمیت مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ راولپنڈی کے تھانہ پیرودھائی کے علاقے سے لاپتہ ہونے والی پندرہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



فلپ موریس پاکستان لمیٹڈ نے پاشوہنر ایسوسی ایشن کے اشتراک سے سکردو میں پانی سکیم کے ٹینک کا افتتاح کیا جا رہا ہے

ہیڈکوارٹرز فرنٹیئر کور بلوچستان
(ساؤتھ) تربت

ٹینڈر نوٹس کی تاریخ میں توسیع

بحوالہ اشتہار "ٹینڈر نوٹس" "PID(Q)93/26" "ہیڈکوارٹر فرنٹیئر کور بلوچستان ساؤتھ تربت نگرانی اور سیکورٹی آلات کی خریداری کیلئے برائے مالی سال 2026-27" بتاریخ 14/09/2026 کو روزنامہ ایکسپریس، ساحل، پبلک، انتخاب میں شائع ہوا تھا جس میں ٹینڈر کھلنے کی تاریخ 08/10/2026 تھی۔ کچھ ناگزیر وجوہات کی وجہ سے اب ٹینڈر کھلنے کی تاریخ میں توسیع کی جارہی ہے۔

نئی تاریخ 15/10/2026 ہے۔

PID(Q) 119 / 26

راولپنڈی عوامی سہولت کیلئے گرین بس سروس کے 2 نئے روٹس منظور

دو نئے روٹس ریلوے اسٹیشن تا ہمراہی بس اسٹاپ جبکہ روٹ نمبر 06 عمر بیگ چوک تا ٹی بی ہسپتال شامل ہیں

نئے روٹس کے اجرا سے پبلک ٹرانسپورٹ کا دائرہ مزید وسیع اور شہریوں کے لیے روزمرہ سفر مزید آسان ہونے کی توقع ہے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) حکومت پنجاب نے راولپنڈی کے شہریوں کو جدید، آرام دہ، محفوظ اور باکفایت سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے گرین بس سروس کے دو نئے روٹس کی منظوری دے دی ہے۔ نئے منظور کیے گئے روٹس میں روٹ نمبر 05 راولپنڈی ریلوے اسٹیشن تا ہمراہی بس اسٹاپ جبکہ روٹ نمبر 06 عمر بیگ چوک تا ٹی بی ہسپتال شامل ہیں۔ نئے بس روٹس کے ذریعے شہر کی اہم شاہراہوں، مرکزی مقامات اور عوامی سہولت کے مراکز کو پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ روٹ نمبر 05 کے تحت راولپنڈی ریلوے اسٹیشن، موڑ، جی پی او چوک، صدر، سرور پارک، اڈیالہ پارک، کچہری، کالف کلب، ایوب نیشنل پارک، سپورٹس کمپلیکس، مورگاہ، الشفاء ٹرسٹ آئی ہسپتال، فوجی فاؤنڈیشن ہسپتال، ہائی کورٹ اور ہمراہی بس اسٹاپ سمیت اہم مقامات شامل ہیں۔ روٹ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)



راولپنڈی، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن کاشف حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پمز سانحے کے بعد راولپنڈی کے ہسپتال میں مبینہ شارٹ سرکٹ

شارٹ سرکٹ تھا قابو پا لیا گیا، نرسری میں دھواں پھیل گیا

کوئی بچہ یا عملے کا کوئی فرد متاثر نہیں ہوا، ایم ایس ڈاکٹر اکرام اللہ نیازی

راولپنڈی (سٹی رپورٹ) پمز اسپتال میں افسوسناک سانحے کے بعد راولپنڈی کے ہسپتال کی نرسری میں دھواں پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق ڈی ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کی نرسری میں مبینہ شارٹ سرکٹ ہوا، بچوں کی نرسری میں دھواں ہی دھواں پھیل گیا۔ بچوں کی نرسری ٹیسمنٹ میں ہونے کے باعث اسٹاف کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ایم ایس ڈاکٹر اکرام اللہ نیازی نے کہا کہ شارٹ سرکٹ تھا قابو پا لیا گیا ہے، کوئی بچہ یا عملے کا کوئی فرد متاثر نہیں ہوا، ریسکیو 1122 موقع پر پہنچ گئی۔ پمز اسپتال میں افسوسناک سانحے کے بعد راولپنڈی کے ہسپتال کی نرسری میں دھواں پھیل گیا، ذرائع کے مطابق ڈی ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کی نرسری میں مبینہ شارٹ سرکٹ ہوا، بچوں کی نرسری میں دھواں ہی دھواں پھیل گیا، بچوں کی نرسری ٹیسمنٹ میں ہونے کے باعث اسٹاف کو مشکلات کا سامنا ہے، ایم ایس ڈاکٹر اکرام اللہ نیازی نے کہا کہ شارٹ سرکٹ تھا قابو پا لیا گیا ہے، کوئی بچہ یا عملے کا کوئی فرد متاثر نہیں ہوا

اسسٹنٹ کمشنر چکوال کا ڈی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ، طبی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا جائزہ لیا

چکوال (سٹی رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر چکوال محمد اقبال نے ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال کا دورہ کر کے طبی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا جائزہ لیا۔ ٹیلی میڈیسن ڈیسک فعال، مریضوں کا فیڈبیک مثبت جبکہ صفائی و ستھرائی کی صورتحال تسلی بخش پائی گئی۔ زیر تعمیر سہولیات، بشمول کیتھ لیب، کا بھی معائنہ کیا گیا۔ فائر ہائیڈرینٹ سسٹم دستیاب، بنیادی تشخیصی ٹیسٹس جاری اور ضروری ادویات اسٹاک میں موجود پائی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



باغ، شہدائے زلزلہ کی یاد میں جامع مسجد بدایاری میں قرآن خوانی کے بعد مولانا امتیاز صدیقی، سیماب اسلم، مولانا مظفر حیات ہارونی و دیگر دعا میں شریک ہیں

راولپنڈی میٹرک دوسرا سالانہ امتحان، 2 امیدوار نقل کرتے پکڑے گئے، موبائل فون برآمد، کیس رجسٹرڈ

وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن اور صوبائی وزیر تعلیم کی ہدایات پر میٹرک امتحان شفافیت اور امتحانی ایس او پیز کے تحت جاری

کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کا بھی مختلف امتحانی مراکز کا دورہ، امتحانی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایات

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) میٹرک دوسرا سالانہ امتحان 2026 حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ امتحانی ایس او پیز کے تحت شفاف، منظم اور پرامن ماحول میں جاری ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن اور صوبائی وزیر تعلیم کی ہدایات کی روشنی میں امتحانات کے شفاف انعقاد، میرٹ کے فروغ اور امتحانی نظام میں نظم و ضبط کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے ہیں۔ بوٹی مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت نگرانی کا عمل مزید سخت کر دیا گیا ہے۔ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے ذریعے ہالز اور گرے امتحانی مراکز کی آن لائن کڑی نگرانی کی جا رہی ہے، جبکہ موبائل انسپکٹرز، پیپر مین اسکواڈ اور ڈسٹرکٹ ویجیلنس کمیٹیاں بھی امتحانی مراکز کی نگرانی میں متحرک ہیں۔ کسی بھی قسم کی بے ضابطگی یا امتحانی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر فوری کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



زرعی یونیورسٹی پشاور میں آر ٹی ایس قانون کے حوالے سے منعقدہ آگاہی سیشن کے شرکاء کا گروپ فوٹو

کرک میں مسلح افراد کی فائرنگ، SHO سمیت 2 اہلکار شہید، سرچ آپریشن شروع

نیو کڑپہ کے مقام پر مسلح افراد کی پولیس پر فائرنگ کے نتیجے میں SHO بانڈہ داؤد شاہ داود، ان کے گنر فرہاد شہید ہوگئے

واقعے میں ملوث مسلح ملزمان کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کرک

کرک (صباح نیوز) کرک میں پولیس پر فائرنگ سے ایس ایچ او بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور گن مین شہید اور ایک راہ گیر زخمی ہوگیا۔ ڈی پی او کرک عمران خان کے مطابق تھانہ بانڈہ داؤد شاہ کی پولیس معمول کے گشت پر تھی کہ کوہاٹ اور کرک کی باؤنڈری کے قریب نیو کڑپہ کے مقام پر دہشت گردوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید ہو گئے جب کہ ایک راہ گیر زخمی ہوا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایس ایچ او تھانہ بانڈہ داؤد شاہ داؤد خان اور ان کا گن مین فرہاد شہید ہو گئے جب کہ ایک راہ گیر بھی زخمی ہوا۔ ڈی پی او نے بتایا کہ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نفری موقع پر پہنچ گئی

آغوش آرفن کیئر ہوم میں شہدائے زلزلہ کی یاد میں دعائیہ تقریب

یتیم بچوں کو وقتی امداد نہیں، تعلیم، تربیت اور زندگی بھر کا سہارا دینا ہوگا، ڈاکٹر طاہر القادری

یتیم کی کفالت پوری نسل کے مستقبل کو سنوارنے کے مترادف ہے، بانی و سرپرست اعلیٰ منہاج القرآن

اسلام آباد (سٹی رپورٹ) بانی و سرپرست اعلیٰ تحریک منہاج القرآن شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے کہا ہے کہ 8 اکتوبر 2005ء کا قیامت خیز زلزلہ پاکستان کی تاریخ کا ایک المناک سانحہ ہے، جس میں ہزاروں قیمتی جانیں ضائع، آبادیاں اجڑیں اور بے شمار بچے والدین کی شفقت سے محروم ہوئے۔ زلزلے کے بعد فوری امداد ضروری تھی، مگر یتیم ہونے والے بچوں کے مستقبل کی حفاظت اس سے کہیں بڑی ذمہ داری تھی، ایسے بچوں کو چند روز کا راشن یا عارضی رہائش نہیں بلکہ زندگی بھر کی سرپرستی، محفوظ گھر، محبت، معیاری تعلیم، صحت، دینی و اخلاقی تربیت اور اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ یتیم بچے معاشرے پر بوجھ نہیں بلکہ قوم کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ کسی یتیم بچے کی کفالت صرف ایک فرد کی مدد نہیں بلکہ پوری نسل کے مستقبل کو سنوارنے کے مترادف ہے۔ اسی فکر کے تحت تحریک منہاج القرآن نے منہاج (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

محمود مریم ناصر ثروت ٹرسٹ کے زیر اہتمام 13 لاکھ روپے کے تعلیمی سکالرشپ تقسیم کیے جائیں گے

چکوال (سٹی رپورٹ) محمود مریم ناصر ثروت ٹرسٹ اور ہورائزن کالج اینڈ کامرس کے زیر اہتمام 13 لاکھ روپے کے تعلیمی سکالرشپ 2026 تقسیم کیے جائیں گے۔ ایم ڈی ہورائزن کالج چوہدری ہمایوں اسلم اور ٹرسٹی خواجہ بابر سلیم محمود کے درمیان ہونے والی میٹنگ میں بتایا گیا کہ امسال ایک لاکھ روپے کی اضافی رقم ان سکالرشپ میں شامل کی گئی ہے، جو سکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات نے واپس (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



نیلم، 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلہ شہداء کی 21 ویں برسی کے موقع پر شہداء کے ایصال ثواب، درجات بلندی اور لواحقین کیلئے صبر و استقامت کی دعائیں کی جا رہی ہے

پناہ کی الٹرا پروسیسڈ غذاؤں کے مضر اثرات کیخلاف آگاہی مہم میں توسیع

یونیورسٹی آف سندھ میں نوجوان صارفین کے تحفظ کے لیے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی فوری نفاذ کی ضرورت ہے، ثناء اللہ گھمن

یونیورسٹی مستقبل میں بھی طلبہ کی مزید شرکت کیساتھ ایسے آگاہی سیشنز کا خیر مقدم کرے گی، ڈائریکٹر ڈاکٹر حکیم علی مہیسر

جامشورو (خبرنگار) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) نے اپنی ملک گیر نوجوان آگاہی مہم کو مزید وسعت دیتے ہوئے یونیورسٹی طلبہ کو غیر صحت بخش غذاؤں اور الٹرا پروسیسڈ مصنوعات (UPPs) کے مضر اثرات، اور صارفین کو باخبر غذائی انتخاب کرنے میں مدد دینے کے لیے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس سلسلے میں PANAH کے زیر اہتمام الٹرا پروسیسڈ مصنوعات پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی اہمیت کے حوالے سے نوجوانوں کے لیے آگاہی سیشن انسٹی ٹیوٹ آف کامرس اینڈ مینجمنٹ، یونیورسٹی آف سندھ، جامشورو میں منعقد کیا گیا۔ سیشن میں تقریباً 120 طلبہ، فیکلٹی ممبران اور نوجوانوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ سیشن میں پاکستان میں ذیابیطس، امراض قلب، موٹاپے اور دیگر غیر متعدی امراض (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ پر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

Scanned with CamScanner